# چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چوہدری کے نام الطاف حسین کا کھلا خط

ازلندن

6 جولائی2009ء

محترم جسٹس افتخار محمد چوہدری

چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان

شاہراہِ دستور اسلام آباد

السلام علیکم


راقم الطاف حسین ولد نذیر حسین مرحوم

رہائشِ مستقل......494/8 عزیز آباد فیڈرل بی ایریا کراچی پاکستان

عارضی رابطہ کا پتہ انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن

54-58 First Floor

Elizabeth House

High Street

Edgware Middlesex

UK HA8 7EJ

فون نمبر: 0044-208-9057300 ...... فیکس نمبر: 0044-208-9529282

اور ای میل ایڈریس mqm@mqm.org ہے۔


محترم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری! آپ نے انصاف کی فراہمی، ملک سے بدعنوانی کے خاتمہ، عدلیہ کی آزادی اور حکومتوں کے آمرانہ اقدامات کے خلاف بہت جرات مندی کے ساتھ مہم چلائی اور ملک کے وکلاء، سول سوسائٹی اور سیاسی و مذہبی جماعتوں نے آپ کی جدوجہد کا بھرپور ساتھ دیا۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ آج ملک حالتِ جنگ میں ہے، ملک میں مہنگائی، بے روزگاری، فاقہ کشی کا عروج ہے۔ ملک کے صوبے اپنے ساتھ ہونے والی مسلسل ناانصافیوں اور محرومیوں کی وجہ سے سخت ناراض ہیں۔ لاکھوں افراد مختلف الزامات کے تحت جیلوں میں قید ہیں جن کے خاندان، بیوی بچے انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ملک معاشی طور پر انتہائی بدحالی کا شکار ہے اور ہم پوری دنیا میں کشکولِ گدائی لئے دربدر پھر رہے ہیں۔ ملک کی قسمت اور مستقبل میں تاریکی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔

محترم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری! قوم نے آپ پر نہ صرف یہ کہ بہت اعتماد کیا بلکہ آپ سے اس حد تک امیدیں وابستہ کرلیں کہ آپ ہی ملک کے اور ملک کے محروم اور مظلوم عوام کے نجات دہندہ ثابت ہوں گے۔ میری آپ سے مؤدبانہ اپیل ہے کہ پہلے ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کیلئے آپ جراتمندانہ فیصلے کریں اور 1971ء سے لے کر 2009ء تک جن فوجی جرنیلوں، بیوروکریٹس، جاگیرداروں، صنعت کاروں اور دیگر افراد نے ملک کے سرکاری بینکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لے کرانہیں معاف کرالیا ہے ان کا فوری اور کڑا احتساب کیا جائے خواہ اس میں کوئی بڑے سے بڑا جنرل، جاگیردار، وڈیرہ ،صنعت کار، کوئی بھی فرد ہو، خواہ اس کا تعلق ایم کیوایم ہی سے کیوں نہ ہو، جس نے بھی سرکاری بینکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے ہیں ان کے خلاف آئین وقانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور وہ تمام کا تمام پیسہ واپس سرکاری خزانے میں لایا جائے۔ آپ اس سلسلہ میں suo-moto ایکشن لے کر ملک کی دولت ہڑپ کرنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائی کریں۔

محترم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری! ملک کی خاطر اس جراتمندانہ اقدام اٹھانے پر نہ صرف یہ کہ ملک کی تاریخ بلکہ قوم کا بچہ بچہ اس جراتمندانہ اقدام پر آپ کا احسان مند ہوگا۔

محترم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری! آپ سے میری مؤدبانہ درخواست ہے کہ میرے اس کھلے خط کو پٹیشن کی حیثیت سے قانونی شکل دے کر کارروائی کا آغاز کریں تاکہ ملک معاشی بحران سے نجات پائے اور ہم سب ملکر پاکستان کو ایک مستحکم اور باوقار ملک بنانے میں کامیاب ہوسکیں۔

والسلام

آپ کا خیر اندیش

الطاف حسین

بانی وقائد متحدہ قومی موومنٹ پاکستان

6 جولائی 2009ء

( لندن )

## جمشید ٹاؤن یوسی 1 کی گجر اور چوہدری برادریوں کے متعدد افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد میں نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے ایم کیو ایم کے خلاف جو
## منفی پروپیگنڈا کیا تھا اس کا اثر اب زائل ہوگیا ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی
## ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت جمشید ٹاؤن میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔6، جولائی 2009ء

جمشید ٹاؤن یوسی 1 گجر اور چوہدری برادریوں کے متعدد افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے اور ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت جمشید ٹاؤن یوسی 1 میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد معروف حسین نے بھی شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے گجر اور چوہدری برادریوں کے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کے خطرات سے سب سے پہلے ملک و قوم کو آگاہ کیا اور آج ان کی ایک ایک بات سچ ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کے حوالے سے خدشات اور تحفظات کو اہمیت دی جاتی تو آج ملک و قوم کو یہ صورتحال درپیش نہیں ہوتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حق پرستی کی تحریک کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کو ہم گلی گلی اور کوچہ کوچہ پھیلائیں گے اور اس سلسلے میں محنت و لگن سے کام سر انجام دیں گے۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ تیزی کے ساتھ ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے اور مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد میں نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے ایم کیو ایم کے خلاف جو منفی پروپیگنڈا کیا تھا اس کا اثر اب زائل ہوگیا ہے اور عوام سمجھ چکے ہیں کہ ایم کیو ایم ہی ملک کی واحد جماعت ہے جو ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد کر رہی ہے اور اس کا واضح ثبوت ایم کیو ایم کی جانب سے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد ہے۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے گجر اور چوہدری برادریوں کے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو حق پرستی کیلئے خوش آئندہ قرار دیا۔

## طالبانائزیشن کی سازش میں نام نہاد مذہبی جماعتوں نے جو کردار ادا کیا ہے اس پر ان کا احتساب کرنا
## عوامی خواہشات اور امنگوں کی ترجمانی ہوگا، کراچی مضافاتی کمیٹی
## اولڈ ملیر یونٹ میں منعقدہ کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔6، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا مشن، مقصد اور نظریہ ملک کی بقاء و سلامتی ہے اور طالبانائزیشن کی سازش نے ملک کی سلامتی اور استحکام کو جس قدر نقصان پہنچا ہے اس کا ملک مزید متحمل نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت اولڈ ملیر یونٹ میں منعقدہ اجتماع سے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور رکن ندیم سومرو نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں 2 فیصد استحصالی ٹولے کے خلاف عملی جدوجہد کی ہے اور طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف بھی متحدہ قومی موومنٹ نے جو عملی کردار ادا کیا ہے اسے ہر ذی شعور افراد کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش میں نام نہاد مذہبی جماعتوں نے جو کردار ادا کیا ہے اس پر ان کا احتساب کرنا عوامی خواہشات اور امنگوں کی ترجمانی ہوگا کیونکہ طالبانائزیشن کی سازش کے باعث آج ملک کی سلامتی اور استحکام شدید خطرے سے دوچار ہے اور مسلح افواج دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں میں آپریشن راہِ راست کر رہی ہے جس میں انشاءاللہ وہ ضرور کامیاب ہوگی اور پاک سرزمین سے دہشت گردی کے عفریت کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا۔ کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اردگرد مشکوک عناصر اور سرگرمیوں پر کڑی نگاہیں رکھیں۔

## خواتین کوفروخت اوراغواء کرنے والے سماج دشمن گروہوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل لائی جائے،حق پرست اراکین سندھ اسمبلی
## گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر سماج کے کھلے دشمن ہیں،قرارواقعی سزادی جائے

کراچی۔۔۔6،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی کی 2 خواتین کی اغواء کے بعد گورلاچی کے گاؤں اور بدین سے بازیابی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کوفروخت اوراغواء کرنے والے سماج دشمن گروہوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصراب چوری، ڈکیتیوں سے بڑھ کر خواتین کوشہر سے اغواء کررہے ہیں اورانہیں فروخت کرنے کا گھناؤنا کاروبار کررہے ہیں جس سے خواتین سمیت ہر باشعور شخص میں گہری تشویش پائی جارہی ہے۔انہوں نے گولارچی کے گاؤں اور بدین سے کراچی سے اغواء کی گئی دوخواتین کی بازیابی پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کوزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے جانفشانی اورمحنت سے کام کرکے جرائم اورسماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصر کا قلع قمع کرسکتے ہیں۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ خواتین کے اغواء اورانہیں فروخت کرنے کے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصرسماج کے کھلے دشمن ہیں اوران کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لاکر گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کوقرارواقعی سزادی جائے۔

## ڈہرکی میں حصص کا کاروبار کرنے والی کمپنی کے فراڈ کا سختی سے نوٹس لیا جائے،متاثرہ افراد کی ایک ایک پائی واپس دلائی جائے،اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔6،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ڈہرکی میں حصص کا کاروبار کرنیوالی کمپنی کی جانب سے 30 کروڑ کے شیئر لیکر فرار کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ کمپنی کی دھوکہ دہی کے باعث متعدد افراد کے اپنی جمع پونجی سے محروم ہوجانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شیئرز کی خرید و فروخت کرنے والی کمپنی کیپٹل ایکٹویز کی ایک برانچ ڈہرکی میں گزشتہ 15 برس سے کاروبار کررہی تھی جولوگوں کا اعتماد حاصل کرکے ان کی جمع پونجی لیکر فرار ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ متاثرین افراد میں جمع پونجی سے محروم ہوجانے والے باعث گہری تشویش پائی جارہی ہے اوردھوکہ دہی میں ملوث کمپنی کے خلاف سخت کارروائی کرکے ہی متاثرہ افراد کے زخموں پر مرہم رکھا جاسکتا ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ڈہرکی میں حصص کا کاروبار کرنے والی کمپنی کے فراڈ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور متاثرہ افراد کی ایک ایک پائی واپس دلائی جائے۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سکٹر یونٹ 101 کے کارکن شاہد حبیب کے بھائی حنیف احمد اورایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ 100 کے کارکن عبدالتواب کی والدہ محترمہ شاہ جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## پیپلزپارٹی کے سیکریٹری جنرل جہانگیر بدر کے سسر انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،جولائی 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپلزپارٹی کے سیکریٹری جنرل جہانگیر بدر کے سسر کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جہانگیر بدرسمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆